شہری
CITIZENS FOR
A BETTER
ENVIRONMENT

پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس
کے مکین متوجّہ

جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ گزشتہ برسوں کے دوران پی ای سی ایچ ایس کا تمام تر علاقہ غیر قانونی کمرشلائزیشن اور اس کے نتیجے میں نمودار ہونے والی تجاوزات کے باعث مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے۔ اس وقت صورتِ حال یہ ہے کہ یہاں تجاوزات اپنے عروج پر پہنچ گئے ہیں جن کی بدولت ہمیں ہر صبح اور ہر شام خالد بن ولید روڈ، شاہراہ قائدین، طارق روڈ اور علاقے کی دیگر سڑکوں پر ٹریفک کے بے تحاشا ہجوم کو بھگتنا پڑتا ہے۔ حد تو یہ ہے کہ اب منی بسوں نے بھی ہماری گلیوں کو استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔

اب وقت آگیا ہے کہ ہم پی ای سی ایچ ایس کے مکین پوری طرح متحد اور ایک آواز ہو کر ان کاروں کے شوروم کے مالکان، پراپرٹی ڈیولپرز، فلیٹ سائٹ بلڈرز اور دیگر تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوں جو کہ ہمارے علاقے کو اس بُری طرح سے برباد کر رہے ہیں۔

تنظیم "**شہری**" سی بی ای کے اراکین نے پی ای سی ایچ ایس کے رہنے والوں کی ایک بڑی تعداد شامل ہے۔ ان میں سے کچھ لوگوں نے سرسید روڈ پر DAEWOO کے شوروم کے قیام کے خلاف عدالتِ عالیہ میں مشترکہ طور پر رٹ دائر کی ہے۔

آپ کی معلومات کے لیے یہ بتانا ضروری ہے کہ خالد بن ولید روڈ، سرسید روڈ اور علامہ اقبال روڈ کے کچھ حصوں کو ابھی تک کمرشل قرار نہیں دیا گیا ہے اور ان علاقوں کا کمرشل استعمال غیر قانونی اور لیز کی شرائط کے خلاف ہے۔ اگر ہم اس سلسلے میں فوری اقدام نہیں کریں گے تو ہمارا یہ خوب صورت رہائشی علاقہ جو کہ کراچی کی سب سے پرانی اور ترقیاتی طور پر مکمل سوسائٹی ہے، ہمیشہ کے لیے تباہ ہو جائے گا۔

ہم میں سے ہر ایک کے لیے یہ ممکن نہیں کہ اپنی یہاں کی جائیداد فروخت کر دیں یا کہیں اور منتقل ہو جائیں اور نہ ہی ہم ایسا کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ پی ای سی ایچ ایس کی موجودہ صورتحال کو تبدیل کرنے میں آپ ہمارے ساتھ کسی قسم کا تعاون کر سکتے ہیں تو براہِ کرم مندرجہ ذیل فون نمبرز پر "**شہری**" سی بی ای سے رابطہ کریں:

۴۴۱۷۶۹ اور ۴۴۲۵۷۸

SHEHRI: CBE, 206-G, Block-2, P.E.C.H.S., Karachi-75400, Pakistan.
Tel: 441769, 442578 Fax: 9221-438226